فوری ریلیز کے لیے: 30/11/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا نیویارک شہر میں صاف توانائی مہیا کرنے کے لیے 339 میل چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس ٹرانسمیشن لائن پر تعمیر کے آغاز کا اعلان

یونین ورکرز کی جانب سے لائن کی تعمیر کو یقینی بنانے کے لیے ریاست نیویارک کی عمارتی اور تعمیراتی تجارت کے ساتھ پروجیکٹ لیبر کے اہم معاہدے پر عملدرآمد

بنیادی ڈھانچے کے ترقیاتی کام سے نیویارک کے باشندوں کے لیے 3.5$ بلین کے معاشی فوائد حاصل ہونے اور خاندانوں کی کفالت کرنے والی تقریباً 1,400 ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع

2030 تک ریاست بھر میں 70 فیصد بجلی قابل تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کے ہدف کی جانب پیشرفت میں تیزی آئے گی جس سے ریاست صفر اخراج والے گرڈ کی راہ پر گامزن ہو گی

گورنر Kathy Hochul نے آج 339 میل لمبی چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس ٹرانسمیشن لائن کی تعمیر کے آغاز پر خوشی کا اظہار کیا، جسے ٹرانسمیشن ڈویلپرز انکارپوریشن کی جانب سے تیار کیا گیا ہے، تاکہ کینیڈا میں ہائیڈرو کیوبیک (Hydro-Québec) سے براہ راست نیویارک شہر تک قابل اعتماد صاف توانائی فراہم کی جا سکے۔ اس گرین بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ کی تعمیر، جو ڈویلپر اور ریاست نیویارک عمارتی اور تعمیراتی تجارات کے درمیان لیبر یونین کے ایک اہم معاہدے پر عمل درآمد کے بعد شروع ہو گی، متوقع طور پر نیویارک کے باشندوں کے لیے 3.5$ بلین کے معاشی فوائد حاصل لے کر آئے گی جبکہ تعمیراتی کام کے دوران خاندانوں کی کفالت کرنے والی تقریباً 1,400 ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ آج کا اعلان نیویارک کے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے پیش رفت کو تیز کرتا ہے کہ 2030 تک قابل تجدید ذرائع سے ریاست بھر میں 70 فیصد بجلی حاصل کی جائے جس سے ریاست صفر اخراج والے گرڈ کی راہ پر گامزن ہو گی۔

"جیسا کہ نیویارک شہر کو صاف توانائی کی فراہمی میں مدد دینے کے لیے اس پروجیکٹ پر تعمیر کا آغاز ہو رہا ہے، تو ہماری ریاست اس سلسلے میں ایک اور مثال قائم کر رہی ہے کہ موسمیاتی کارروائی کیسے تاثر کی حامل ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس ٹرانسمیشن لائن ہمارے ماحول کے تحفظ اور نیویارک کی دونوں بالائی ریاست اور زیریں ریاست میں خاندانی کفالت کی حامل، گرین ملازمتیں پیدا کرنے کی جانب ایک شاندار قدم ہے۔ یونین لیبر کے ساتھ شراکت سے، یہ گرین بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ ہماری ریاست میں بلین ڈالرز کے معاشی فوائد بہم پہنچائیں گے اور نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے مزید صاف ستھری ہوا اور ایک صحت مند مستقبل کی راہ ہموار ہو گی۔"

امریکی سیکرٹری برائے توانائی Jennifer M. Granholm نے کہا، "چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس بنیادی ڈھانچے کی ایک طاقتور مثال ہے جسے صدر Biden اور گورنر Hochul نیویارک اور امریکہ میں لانے کے لیے پُرعزم ہیں۔ پروجیکٹ سے صاف، قابل استطاعت، اور قابل بھروسہ پاور کی فراہمی کے دوران اچھی تنخواہ والی، یونین ملازمتیں پیدا کرنے کی بھی توقع ہے۔"

چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس ریاست کے منفرد نوعیت کے قابل تجدید توانائی اور ٹرانسمیشن پروگرام کے تحت تعمیر شروع کرنے والے دو تاریخی پروجیکٹس میں سے پہلا ہے، جسے ٹائر 4 کہا جاتا ہے، جو ریاست نیویارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کے زیر انتظام ہے۔ اس پروگرام کا مقصد نیویارک شہر میں قابل تجدید توانائی میں نمایاں اضافہ فراہم کرنا ہے، تاکہ ریاست کا وہ حصہ جو پسماندہ کمیونٹیز میں واقع بوسیدہ فوسل فیول جلا کر پیدا کی گئی توانائی پر انحصار کرتا ہے، فوسل فیول کے اخراج کی وجہ سے ہوا کے معیار کے شدید مسائل اور صحت پر پڑنے والے اثرات کا تجربہ کرے، اور اسے گرڈ پر انحصاریت اور گنجائش میں بہتری کی ضرورت کے طور پر نشان زد کیا گیا ہے۔ مکمل ہونے کے بعد، چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس 1,250 میگاواٹس صاف پن بجلی فراہم کرے گی، جو ایک ملین گھرانوں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہے، اور ریاست بھر میں کاربن کے اخراج کو 37 ملین میٹرک ٹن تک کم کرے گی، جو کہ ہر سال سڑک پر چلنے والی گاڑیوں کی نصف ملین سے زائد تعداد کو کم کرنے کے مترادف ہے۔ ٹرانسمیشن لائن کے 2026 کے موسم بہار تک مکمل طور پر فعال ہونے کی توقع ہے۔

ریاست نیویارک پبلک سروس کمیشن کی جانب سے پٹنیم اور وائٹ ہال کے درمیان پھیلے ہوئے ٹرانسمیشن روٹ کے 17.6 میل کے لیے پروجیکٹ کے پہلے ماحولیاتی انتظام اور تعمیراتی منصوبے کی منظوری کے بعد یہ سنگ میل حاصل ہوا ہے۔ سائٹ کی تیاری اور مال خانہ سائٹ کی تعمیر سمیت، تعمیراتی سرگرمیوں کے ابتدائی مرحلے کا آغاز واشنگٹن کاؤنٹی میں، وائٹ ہال کے قریب ہو گا، اور نومبر 2024 تک اس کے جاری رہنے کی توقع ہے۔ ٹرانسمیشن لائن کا نقشہ یہاں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ریاست نیویارک محکمہ برائے توانائی کی تحقیق و ترقی کی صدر اور CEO، اور آب و ہوا کی اقدامی کونسل کی شریک صدر، Doreen M. Harris نے کہا، "چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس پروجیکٹ پر تعمیر شروع ہونے کے ساتھ، ہم نیویارک کے فوسل فیولز سے دور منتقلی کو یقینی بنانے اور قوم کے سامنے یہ ظاہر کرنے میں مدد دے رہے ہیں کہ کس طرح اسٹریٹیجک نجی عوامی شراکتیں ہماری توانائی کے کچھ مشکل ترین چیلنجوں سے نمٹنے میں ہماری براہ راست مدد کر سکتی ہیں۔ دو بے مثال تاریخی ٹرانسمیشن ترقیاتی کاموں میں سے اوّل کے طور پر، چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس مستقبل کے گرڈ کی پیش رفت میں مدد کر رہا ہے - اس دوران نیویارک ملک میں سب سے مضبوط عوامی قابل تجدید پائپ لائن کی تعمیر جاری رکھے گا، جو آنے والے کئی سالوں تک گھروں اور کاروباروں کو بجلی فراہم کرے گا۔"

پبلک سروس کمیشن کے صدر Rory M. Christian نے کہا، "میں گورنر Hochul کے چیمپلین ہڈسن جیسے پروجیکٹس تیار کرنے کے عزم کو سراہتا ہوں جو ہمارے توانائی کے نظام کے لیے ریڑھ کی ہڈی ثابت ہوتے ہیں۔ صاف توانائی کے مستقبل کو یقینی بنانے میں مدد دینے کے علاوہ، اس طرح کے پروجیکٹس ٹرانسمیشن سسٹم کی حفاظت اور پائیداری کو مستحکم بنا رہے ہیں۔ اس طرح، چیمپلین ہڈسن ہماری ریاست کے ٹرانسمیشن سسٹم کو جدید بنانے کے ہمارے جامع منصوبے میں کلیدی کردار ادا کرے گا تاکہ یہ ہمارے آب و ہوا کے اہداف کو آگے بڑھاتے ہوئے اور صاف توانائی کی ملازمتیں پیدا کرنے کے دوران، نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے صاف توانائی فراہم کرے۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر اور آب و ہوا کی اقدامی کونسل کے شریک صدر Basil Seggos نے کہا، "گورنر Hochul اور شراکت دار نیویارک کے اس ولولہ خیز صاف توانائی کے سنگ میل کے ساتھ ایک سرسبز مستقبل کی طرف منتقلی کو تیزی سے جاری رکھنے پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔ ٹرانسمیشن لائن قابل تجدید توانائی کی ٹیکنالوجی جیسے ہوا، شمسی اور ہائیڈرو الیکٹرک کو آگے بڑھانے کے لیے اہم، مجموعی سرمایہ کاریوں کے سلسلے میں تازہ ترین ہے جو ہمیں مقامی ملازمتوں کی حمایت کرتے ہوئے آب و ہوا کے ہمارے مطلوبہ اہداف کو پورا کرنے میں مدد دے گی اور نیویارک ریاست بھر کے صارفین کو صاف توانائی فراہم کرے گی۔"

ریاست نیویارک محکمہ لیبر کی کمشنر اور آب و ہوا کی اقدامی کونسل کی رکن Roberta Reardon نے کہا، "یونین لیبر ہماری صاف توانائی کی منتقلی میں ناگزیر جزو کا کردار ادا کر رہا ہے۔ چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس پروجیکٹ یونین کی ملازمتیں پیدا کرے گا، ایک ملین سے زیادہ گھروں کو بجلی فراہم کرے گا، اور صاف توانائی کے شعبے میں ریاست نیویارک کی قیادت کو برقرار رکھے گا۔"

ریاست نیویارک محکمہ برائے ٹرانسپورٹیشن کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا، "گورنر Hochul کی جرات مندانہ قیادت کی بدولت امپائر سٹیٹ میں اس وقت صاف اور قابل تجدید توانائی کا مستقبل وقوع پذیر ہو رہا ہے، جس سے ملازمتوں کے دلچسپ مواقع پیدا ہو رہے ہیں اور نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے ایک پائیدار مستقبل یقینی بن رہا ہے۔ نیویارک آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے تحت ہم سب کو ایک کردار ادا کرنا ہے، اور یہ پروجیکٹ جتنا پُرعزم ہے اتنا ہی قابل عمل بھی ہے۔ اہم بات یہ ہے، کہ اس سے ہماری ریاست کو قانون میں بیان کردہ ہمارے آب و ہوا کے اہداف کو پورا کرنے میں مدد ملے گی اور ایک گرین توانائی کی معیشت کو فروغ ملے گا جو نسلوں کو خدمات فراہم کرے گی۔"

سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا، "چیمپلین ہڈسن پروجیکٹ نیویارک کے باشندوں کے لیے قابل اعتماد اور پائیدار صاف توانائی کا ایک نیا دور لائے گا۔ میں نیویارک میں چیمپلین ہڈسن جیسے پروجیکٹس لانے کے لیے گورنر Hochul کے نظریے کو سراہتا ہوں جو ریاست میں توانائی کے نظاموں کو جدید بنائے گا اور نیویارک کے باشندوں کو، موجودہ اور آنے والی نسلوں کے لیے، صاف توانائی کی ملازمتیں فراہم کرے گا، جبکہ اپنی ریاست میں صاف اور جدید توانائی کی فراہمی کا نیا ویژن پیش کرے گا۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس ٹرانسمیشن لائن ریاست نیویارک کے لیے گورنر Hochul کے صاف توانائی کے مطلوبہ اہداف کی پیش رفت میں مدد کرے گی، جبکہ نیویارک کے باشندوں کے لیے تقریباً 1,400 ملازمتیں بھی پیدا ہوں گی۔ ٹرانسمیشن لائن 339 میل طویل ہے، مگر 3.5$ بلین کے معاشی فوائد سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ قابل تجدید توانائی اور نیویارک کے مستحکم مستقبل دونوں کے تناظر میں یہ مزید پیش رفت کرے گی۔"

پروجیکٹ کے نتائج کو معیاری بنانے، نیویارک کے افراد کے لیے خاندانی کفالت کی حامل ملازمتیں مہیا کرنے کو یقینی بنانے کی خاطر، چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس کے ٹھیکیداران، Kiewit ،NKT، اور Hitachi یونین ورکرز کی جانب سے لائن کی تعمیر کے لیے الیکٹریکل اور بلڈنگ ٹریڈ یونین کے ساتھ پروجیکٹ لیبر معاہدے شروع کر رہے ہیں۔ 22 علیحدہ تجارتی شعبہ جات میں 15 سے زائد مختلف مقامی یونین شعبوں کا احاطہ کرتے ہوئے، پروجیکٹ لیبر کے معاہدوں سے مجموعی طور پر کُل تین ملین سے زیادہ کاروباری اوقات کی توقع ہے۔ اکتوبر میں، یونینز اور چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس پروجیکٹ ٹیم نے پہلے PLA سے اتفاق کیا، جو کہ 2022 کے آخر میں شروع ہونے والے ان مشقتی کام کے تقریباً دو ملین اوقات کی عکاسی کرتا ہے۔ پروجیکٹ کے 147 میل بالائی ریاست کے زیر زمین حصوں میں شرکت کرنے والے محنت مزدوری کے پیشہ وروں میں آپریٹنگ انجینئرز، مزدور اور ٹرک ڈرائیورز شامل ہیں۔ پروجیکٹ کی تعمیر کے دوران، ٹھیکیداروں نے اقلیتی اور خواتین کے ملکیتی کاروباری اداروں کو کام دینے اور فوجی سروس میں معذوری کا شکار ہوئے سابقہ فوجی کے ملکیتی کاروباروں کو بروئے کار لانے کے لیے کوششیں کرنے کا عہد کیا ہے جس میں پروجیکٹ کے تمام علاقوں میں لیبر فورس کے لیے پسماندہ کمیونٹیز کے اراکین کو شامل کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ ٹرانسمیشن لائن کے آبدوز کے حصے کے لیے، نیز آسٹوریا، کوئینز میں کنورٹر سٹیشن برائے چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس کی تعمیر کے لیے آنے والے مہینوں میں اضافی پروجیکٹ لیبر معاہدے پر عمل درآمد ہونے کی توقع ہے۔

چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس عوام کو اپنی تعمیراتی اور عملیاتی سرگرمیوں کے بارے میں مطلع کرنے کے لیے اسٹیک ہولڈرز اور کمیونٹی کی شمولیتی میٹنگز کا انعقاد جاری رکھے ہوئے ہے۔ جیسے ہی پروجیکٹ پیش رفت کرے گا، چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس یونینز اور تربیتی پروگرامز کے ساتھ مل کر کام کرے گا تاکہ پسماندہ کمیونٹیز میں کارکنوں کے لیے تربیت اور زیر تربیت کام کے مواقع کو فروغ دیا جا سکے۔ ان کوششوں کے علاوہ، موسمیاتی انڈسٹری کے تربیتی پروگرامز کے لیے 40$ ملین فراہم کرنے کی خاطر چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس گرین اکانومی فنڈ قائم کیا گیا ہے، جو کہ منصوبہ بند راستے کے اطراف میں واقع مقامی اور پسماندہ کمیونٹیز کے لیے کیریئر کے نئے مواقع کو مزید فروغ دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے جس میں ترقی پذیر گرین اکانومی میں کامیابی کے لیے مہارتوں کی تعمیر پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ اس پروجیکٹ کے براہ راست نتیجے کے طور پر دستیاب ہونے والی ثانوی ملازمتوں کے مواقع کی تشہیر چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس کی ویب سائٹ پر کی جائے گی اور مقامی کمیونٹی رہنماؤں اور شہری تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے اس کی تشہیر کی جائے گی۔

ہائیڈرو کیوبیک کی **CEO Sophie Brochu** نے کہا، "شمالی امریکہ میں صاف قابل تجدید توانائی کے سب سے بڑے جنریٹر کو نیویارک شہر سے مربوط کرنے والی یہ نئی ٹرانسمیشن لائن ہمارے پورے خطے کی توانائی کے منظرنامے کو بدل دے گی۔ CHPE، ایک طرح سے، بہت سی بامعنی اشیاء کے لیے ایک کانڈوئٹ (تاردان) ہے - اس طرح فوسل فیول کو جلائے بغیر گھروں اور کاروباروں کو قابل اعتماد طریقے سے بجلی فراہم کرنے کے لیے پن بجلی کی بڑی مقدار ہے؛ ایک کمیونٹی سرمایہ کاری کا نقطہ نظر جو سماجی انصاف کے اصولوں اور مقامی کمیونٹیز کے ساتھ نئی شراکت داری پر مبنی ہے، جیسا کہ Kahnawà:ke سے ہمارے موہاک دوست، جو آج یہاں ہمارے ساتھ ہیں۔ کاربن میں تخفیف ہمارا مشترکہ ہدف ہے، اور ہم آنے والی کئی دہائیوں تک نیویارک کو موسمیاتی موافق توانائی فراہم کرتے ہوئے آپ کے اتحادی بن کر رہنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔"

ٹرانسمیشن ڈویلپرز کے **CEO Donald Jessome** نے کہا، "یہ ایک دہائی سے زائد پر مشتمل ایک تاریخی موقع ہے، کیونکہ ہم باضابطہ طور پر تبدل و تغیر کے پروجیکٹ پر تعمیر کا آغاز کر رہے ہیں جو نیویارک کو اس کے قابل تجدید توانائی کے مطلوبہ اہداف کے حصول میں مدد دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ CHPE کے لیے انقلابی قدم تک پہنچنا، عوامی حکام سے لے کر، کمیونٹی کے شراکت داروں، کاروباری تنظیموں، لیبر یونینز اور ماحولیاتی گروہوں تک، بڑے پیمانے پر اُن بہت سے افراد کی انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے جنہوں نے کئی سالوں سے اس پروجیکٹ پر یقین رکھا، پیچیدہ توانائی کے اقدامات کو حقیقت میں بدلنے کے طریقے کا مظاہرہ کرتے ہوئے، جنہوں نے اس عمل میں اہم تعاون کیا۔ ہم اس صاف توانائی کے ٹرانسمیشن پروجیکٹ اور اس کے وسیع فوائد نیویارک تک پہنچانے کے لیے اپنی محنت جاری رکھنے کے منتظر ہیں۔"

Kahnawà:ke کا **Ohénton :iente ne Ratitsénhaienhs Kahsennenhawe Sky-Deer** نے کہا، "Kanien'kehá:ka (موہاکس) نیویارک شہر سے مضبوط ذاتی لگاؤ کا حامل ہے۔ جیسا کہ ہر Kanien'kehá:ka کمیونٹی کے آہن گروں کی نسلوں نے کئی عمارتوں اور پلوں کی تعمیر میں مدد کی جو شہر کی خط افقی کو تشکیل دیتے ہیں۔ اب، ہائیڈرو کیوبیک کے ساتھ شراکت دار کے طور پر، ہم شہر کو صاف اور قابل تجدید توانائی فراہم کر رہے ہیں۔ یہ ملین گھرانوں کو بجلی کی فراہمی کے برابر ہے، نقصان دہ کاربن کے اخراج میں تخفیف کرتا ہے اور ہوا کے معیار کو بہتر بناتا ہے۔ بطور Kanien'kehá:ka افراد، ہم ہمیشہ آنے والی سات نسلوں کے بارے میں سوچتے ہیں - یہ شراکت داری صاف ستھرے ماحول کی جانب کوششوں کو مستحکم کرتی ہے، جبکہ Kahnawà:ke کے لیے ماحول کے محافظ کے طور پر اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے کے مزید مواقع پیدا کرتی ہے۔"

عظیم نیویارک کے بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل کے صدر **Gary LaBarbera** نے کہا، "اگر نیویارک کو گرین بنیادی ڈھانچے میں اپنی قیادت کو برقرار رکھنا ہے، تو یہ ضروری ہے کہ ہم ترقیاتی کام میں سرمایہ کاری جاری رکھیں جو نہ صرف ان اقدامات کی قیادت کرے، بلکہ اس عمل کے دوران اچھی تنخواہ دینے والی یونین کی ملازمتیں بھی پیدا کرے۔ آج کا انقلابی قدم ایک اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ کے آغاز کی نمائندگی کرتا ہے جو نیویارک کی معیشت اور ہمارے صاف توانائی کے اہداف کے حصول کے لیے ایک محرک کے طور پر کام کرے گا۔ ہم CHPE اور ریاست کے ساتھ مل کر ہنر مند یونین مرد تاجروں اور خواتین تاجروں کی فراہمی کے منتظر ہیں جو فوائد کے ہمراہ متوسط طبقے کے کیریئر کو آگے بڑھانے کا موقع پاتے ہوئے اس پروجیکٹ کو مؤثر طریقے سے مکمل کریں گے۔"

جنرل سیکرٹری-خزانچی اور نیو انگلینڈ کے علاقائی مینیجر، لیبررز انٹرنیشنل یونین برائے شمالی امریکہ، **Armand E. Sabitoni** نے کہا، "چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس کا کام جاری دیکھنا باعث فخر ہے - ایک ایسا پروجیکٹ جو نیویارک شہر میں یونین لیبر کے لاکھوں گھنٹوں کا استعمال کرنے کے عزم کے ساتھ صاف توانائی کی فراہمی کو بدل دے گا۔ میں اپنے 500,000 سے زیادہ اراکین کی جانب سے، ریاست نیویارک اور CHPE ٹیم کو آج کے اہم سنگ میل پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔"

ریاست نیویارک کانفرنس برائے آپریٹنگ انجینئرز کے صدر **Thomas A. Callahan** نے کہا، "انٹرنیشنل یونین برائے آپریٹنگ انجینئرز کو اس تبدل و تغیر کے پروجیکٹ پر کام کرنے پر فخر ہے۔ چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس منفرد نوعیت کا توانائی کا پروجیکٹ ہے جو ریاست نیویارک اور اس کے اطراف میں بڑے معاشی اثرات مرتب کرے

گا۔ اس سے یونین کی کئی سو اچھی ملازمتیں پیدا ہوں گی جو مقامی کارکنوں کو اپنے خاندانوں کی کفالت میں مدد فراہم کریں گی۔ گورنر اور اس اہم پروجیکٹ کی پیش رفت میں شامل تمام ذمہ دار ایجنسیز اور تنظیموں کو آج کے انقلابی قدم پر مبارکباد!"

چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس پوری ریاست نیویارک میں 73 میونسپلٹیز اور 59 سکولوں کے اضلاع کو اس پروجیکٹ کے پہلے 25 سالوں میں مقامی کمیونٹیز کے لیے فنڈنگ میں 1.4$ بلین کے انکریمینٹل ٹیکس ریونیو میں اضافے کے ساتھ معاشی تیزی فراہم کرے گا۔ آنے والے ہفتوں میں، چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس تقریباً 30$ ملین کی فنڈنگ تقسیم کرنا شروع کر دے گا، بشمول:

- ٹرانسمیشن لائن کی میزبانی کرنے والی کاؤنٹیز میں صنعتی ترقیاتی ایجنسیوں کو 12$ ملین
- اس کے 117$ ملین ماحولیاتی ٹرسٹ فنڈ (Environmental Trust Fund) کی جانب سے پہلے 12$ ملین ایسے پروجیکٹس کی مالی اعانت کے لیے ہیں جو نیویارک کی آبی گزرگاہوں کی مشرقی راہداری کو بہتر بناتے ہیں
- 40$ ملین کے گرین اکانومی فنڈ کا آغاز کرنے کے لیے پہلے 2.5$ ملین، جس سے پسماندہ کمیونٹیز میں افرادی قوت کی ترقی اور تربیتی اقدامات میں مدد ملے گی
- رینڈلز آئی لینڈ نیچر سینٹر اور کوئینز ورائٹی بوائز اینڈ گرلز کلب STEM لیب/پروگرامنگ کی تعمیر کے لیے 2$ ملین کی اعانت

چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس اور کلین پاتھ NY کے معاہدوں کی منظوری پبلک سروس کمیشن نے اپریل 2022 میں دی تھی، جو اس کو گزشتہ 50 سالوں میں ریاست نیویارک میں ٹرانسمیشن کے بنیادی ڈھانچے کا سب سے بڑا ترقیاتی کام بنا دیتا ہے۔ مل کر، یہ پروجیکٹس فی سال متوقع 18 ملین میگا واٹ گھنٹے، یا نیویارک شہر کی سالانہ بجلی کی کھپت کے ایک تہائی سے زیادہ صاف توانائی پیدا کرنے کے قابل ہیں، جبکہ ریاست بھر میں 5.8$ بلین تک خالص سماجی فوائد فراہم کرنے کے قابل ہیں، جس میں گرین ہاؤس گیس میں تخفیفات اور ہوا کے معیار میں بہتریاں اور پسماندہ کمیونٹیز سمیت، ریاست بھر میں 8.2$ بلین کی اقتصادی ترقی کی سرمایہ کاری کے ساتھ، خاندانوں کی کفالت کرنے والی 10,000 ملازمتیں شامل ہیں۔

نیویارک شہر کے میئر Eric Adams نے کہا، "یہ موسمیاتی تبدیلی کے خلاف شہر اور ریاست کے متحرک ہونے اور ماحولیاتی انصاف کے لیے قومی سرکردہ فتح کا ایک تاریخی دن ہے۔ میں کمیشن، NYSERDA اور گورنر Hochul کی تعریف کرتا ہوں کہ انہوں نے قابل تجدید توانائی تک کم رسائی کو ختم کرنے کے لیے جرات مندانہ اقدام اٹھایا ہے جو ہمارے شہر کے لیے عرصہ دراز سے مسئلے کا باعث تھا۔ چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپرس ٹرانسمیشن لائن کی تکمیل ریاست کے سب سے بوسیدہ اور سب سے زیادہ آلودگی پھیلانے والے پاور پلانٹس کو بند کرنے کے قابل بنائے گی، جو اُن کمیونٹیز کے قریب واقع ہیں جن کے رہائشی غیر متناسب طور پر تنفسی اور قلبی امراض کا شکار ہیں۔ یہ پروجیکٹ گرین اکانومی میں ایک اہم سرمایہ کاری بھی ہے، جس میں اس کی خاندانی کفالت کرنے والی یونین ملازمتوں کی تخلیق شامل ہے، جو ایک صحت مند، زیادہ مساویانہ، اور پائیدار نیویارک شہر بنانے میں مدد دیں گی۔"

واشنگٹن کاؤنٹی کی منتظم Melissa Fitch نے کہا، "CHPE پروجیکٹ واشنگٹن کاؤنٹی کے لیے ایک بے مثال موقع ہے اور اس کے اثرات سے آنے والے برسوں میں ہمارے رہائشیوں کو یقیناً فائدہ پہنچے گا!"

وائٹ ہال گاؤں کی میئر Julie Egan نے کہا، "مجھے فخر اور خوشی ہے کہ وائٹ ہال ریاست نیویارک میں قابل تجدید توانائی کے استعمال کو بڑھانے کے لیے اس پروجیکٹ کا حصہ بنے گا۔ میں اس لیے بھی شکر گزار ہوں کہ آنے والے سالوں میں وائٹ ہال گاؤں کی معیشت سے فائدے حاصل ہوں گے۔ تعمیراتی مرحلہ یہیں واشنگٹن کاؤنٹی میں مقامی ملازمتوں اور مقامی کاروبار کو فروغ دے گا۔ طویل مدت تک ہمارے رہائشیوں، طلباء، اور ٹیکس دہندگان کو آنے والے سالوں تک متوقع PILOT فنڈز کے ذریعے فائدہ ہو گا۔ یہ منصوبہ ایک جیت ہے اور وائٹ ہال کو اس کا حصہ بننے پر فخر ہے۔"

نیویارک لیگ برائے کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا، "پن بجلی تب سے نیویارک کی توانائی کے پورٹ فولیو کا ایک بڑا ذریعہ رہا ہے جب سے ہم نے ایک صدی قبل نیاگرا فالز کی برقی رو کو استعمال کیا تھا۔ نیویارک لیگ برائے کنزرویشن ووٹرز، چیمپلین ہڈسن پاور ایکسپریس ٹرانسمیشن لائن کی تعمیر کے ساتھ اس عظیم روایت کو جاری رکھنے پر گورنر Hochul کی تعریف کرتا ہے۔ نیویارک شہر کو 300 میل دور صاف توانائی کی فراہمی—اور اس عمل میں یونین کی 1,400 ملازمتیں فراہم کرنا—ایک امپائر سٹیٹ سائز معرکہ ہے جس پر ہم سب کو فخر ہونا چاہیئے۔"

شہری مہم برائے ماحولیات کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Adrienne Esposito نے کہا، "یہ خوش آئند عمل ہے کہ خراب فوسل فیولز سے صاف قابل تجدید توانائی کی طرف ہماری منتقلی نہ صرف ہماری ہوا کو صاف کرے گی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے لڑے گی بلکہ ہماری معیشت کو مضبوط بنانے میں بھی مدد دے گی۔ یہ اہم منتقلی اس بات کی ضرورت ہے کہ ہم اپنی لیبر فورس کو اس طریقے سے پروان چڑھائیں جو ہمارے صاف توانائی کے اہداف کو آگے بڑھائے اور نیویارک کے محنتی افراد کو اچھی تنخواہ والی یونین کی ملازمتوں کے ساتھ فروغ دے۔ نیویارک میں، ہم صاف توانائی اور بہتر ملازمتوں کو حقیقت بنا رہے ہیں۔"

REBNY کے صدر James Whelan نے کہا، "اس انقلابی قدم کے ساتھ نیویارک ایک صاف ستھرے اور زیادہ پائیدار بنیادوں پر استوار ماحول کے قریب ہے جس سے ہماری معیشت اور صحت عامہ کو وسیع پیمانے پر فوائد حاصل ہوں گے۔ ہم گورنر Hochul اور NYSERDA کا اس پروجیکٹ پر ان کی قیادت اور ریاست کے موسمیاتی ایکٹ کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے مسلسل کوششیں کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

وارن-واشنگٹن انڈسٹریل ڈویلپمنٹ ایجنسی کے صدر Dave O'Brien نے کہا، "CHPE کی جانب سے تعمیر کی جانے والی ٹرانسمیشن لائن اگلے تیس سالوں کے دوران واشنگٹن کاؤنٹی کو کافی فائدہ دے گی۔ صرف سامان اور سروسز کی تعمیر اور خریداری سے نہ صرف فائدہ ہو گا، بلکہ گاؤں، قصبوں، اسکولوں کے اضلاع، اور کاؤنٹی کو 283$ ملین فائدے کے پیکجز اور PILOTS ادا کیے جائیں گے، جن سے دائرہ اختیار کو اسکولوں، سڑکوں، اور عوامی سہولیات میں بہت زیادہ بڑے پیمانے پر ترقی اور بہتری لانے کی سہولت میسر آئے گی۔"

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ مشترکہ طور پر، یہ سرمایہ کاریاں 2021 میں نیویارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں، 2011 کے مقابلے میں شمسی ترسیل کے شعبے میں 2,100 فیصد اضافے اور 2035 تک 9,000 میگاواٹ آف شور ونڈ تیار کرنے کے عزم کی معاونت کر رہی ہیں۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پیشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418